صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 29 ستمبر 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 29 ستمبر 2016ء 26 ذوالحج 1437 ہجری 29 تبوک 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 221

## ایک با عمل انسان

مدراس کے ہندوؤں کے ممتاز لیڈر مسٹر سی پی رام نے ایک جلسہ عام میں کہا پیغمبر اسلام ایک باعمل انسان تھے ان کی سچائی کی پیاس کو سوائے وحی الٰہی کے اور کوئی چیز نہ بجھا سکی انہوں نے اپنی قوم کو زندگی میں مہمل فلسفہ کی کبھی تعلیم نہیں دی۔ بلکہ دکھوں اور مصیبتوں میں سینہ سپر رہنے کا اصول ان کی زندگی کا جزو تھا۔ اسلام نے ہمیشہ ٹالریشن (بردباری) کی تعلیم دی ہے اور ہمیشہ وہ عالمگیر اتحاد کا جزو تھا۔

(بحوالہ :برگزیدہ رسول غیروں میں مقبول صفحہ30)

# اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ کچھ بچے کھیل رہے تھے رسول اللہؐ ان کے پاس سے گزرے تو آپؐ نے ان کو پہلے سلام کیا۔

(سنن ابی داؤد کتاب السلام علی الصبیان)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ:

جب بھی پہلا پھل آتا تو آپ ﷺ پھلوں میں برکت کی دعا کرتے اور پھر پہلے وہ پھل مجلس میں موجود سب سے چھوٹے بچے کو عطا فرماتے تھے۔ (مسلم کتاب الحج باب فضل المدینہ حدیث 474)

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا ہمارے گھر آنا جانا تھا میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جسے ابوعمیر کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ اس کی ایک سرخ چونچ والی بلبل تھی جس سے وہ کھیلا کرتا تھا وہ مرگئی اس کے مرنے کے بعد رسول اللہؐ ہمارے ہاں آئے تو عمیر کو افسردہ دیکھا پوچھا اس کو کیا ہوگیا ہے۔ چپ چپ ہے۔ گھر والوں نے کہا کہ اس کی نغیر یعنی بلبل مرگئی ہے اس پر آپ ﷺ نے ابوعمیر کو بہلانے کے لئے اس کو یہ کہہ کر چھیڑنا شروع کردیا کہ یا ابا عمیر ما فعل النغیر کہ اے ابوعمیر نغیر تجھ سے کیا کر گئی۔ (سنن ابی داؤد کتاب الادب)

حضرت عبداللہ بن حارثؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عباسؓ کے بچوں عبداللہؓ اور عبیداللہؓ اور دیگر بچوں کو قطار میں کھڑا کرکے ان کی دوڑ شروع کرواتے اور فرماتے جو سب سے پہلے دوڑ کر مجھ تک پہنچے گا اسے یہ انعام دوں گا۔ پھر بچے دوڑ کر آپ تک پہنچتے کوئی آپ کی پیٹھ پہ چڑھتا کوئی سینے پر۔ آپ ان کو چومتے اور اپنے ساتھ چمٹا لیتے۔ (مسند احمد بن حنبل جلد اوّل صفحہ 214 بیروت)

ایک دفعہ آپ ﷺ اپنے بچوں کو پیار سے چوم رہے تھے کہ ایک بدوی سردار نے کہا آپ بچوں کو چومتے بھی ہیں۔ میرے دس بچے ہیں میں نے تو کبھی کسی کو نہیں چوما۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے تیرے دل سے رحمت نکال لی ہو تو میں کیا کرسکتا ہوں۔

(بخاری کتاب الادب باب رحمۃالوالد و تقبیلہ)

حضرت ابوقتادہؓ بیان کرتے ہیں ہم نماز کے انتظار میں تھے۔ بلالؓ نے آپؐ کو نماز کی اطلاع دی آپؐ تشریف لے آئے آپؐ کی نواسی امامہ بنت ابی العاص آپؐ کے کندھوں پر تھی۔ آپؐ اپنے مصلے پر کھڑے ہوئے ہم پیچھے تھے اور وہ بچی آپؐ کے کندھوں پر ہی تھی۔ رسول اللہؐ کی تکبیر کے ساتھ ہم نے بھی تکبیر کہی۔ رکوع میں جاتے وقت رسول اللہؐ نے ان کو کندھے سے اتار کر نیچے بٹھا دیا۔ رکوع اور سجدے سے فارغ ہو کر پھر اسے اٹھا کر کندھے پر بٹھا لیا۔ نماز کی ہر رکعت میں ایسے ہی کیا۔ یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہوئے۔

(ابو داؤد کتاب الصلوٰۃ باب عمل فی الصلوٰۃ)

حضرت ابولیلیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ کم سن حضرت حسن یا حسین میں سے کوئی آپؐ کی گود میں چڑھا ہوا تھا۔ اچانک بچے نے پیشاب کردیا اور میں نے رسول اللہؐ کے پیٹ پر پیشاب کے نشان دیکھے۔ ہم لپک کر بچے کی طرف آگے بڑھے تاکہ اسے اٹھالیں۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا میرے بیٹے کو میرے پاس رہنے دو اور اسے ڈراؤ نہیں پھر آپ ﷺ نے پانی منگوا کر اس پر انڈیل دیا۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 صفحہ 348 دارالفکر بیروت)

حضرت براء بن عازب کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا حضرت حسنؓ آپ کے کندھے پر تھے اور فرما رہے تھے۔

''اے اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر''۔ (بخاری کتاب المناقب باب مناقب الحسن)

## ضد اور انا کو چھوڑ دو

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 8۔ اپریل 2016ء میں فرماتے ہیں۔

''لیکن وہ لوگ بھی ہیں جو اپنی اَنا میں آ کر بعض دفعہ اچھے بھلے احمدی رشتوں کو ٹھکرا دیتے ہیں جبکہ لڑکیاں بھی راضی ہوتی ہیں لڑکے بھی راضی ہوتے ہیں۔ بلکہ بعض جگہ مَیں نے بھی کہا کہ رشتہ کر لو لیکن اَنا کی وجہ سے انکار کیا۔ بہرحال اگر ایسے لوگ موجود تھے جنہوں نے حضرت مسیح موعود کا انکار کیا تو اب میری بات کا انکار کرنا تو کوئی ایسی بڑی بات نہیں ہے۔ لیکن پھر ایسوں کے انجام بھی بڑے بھیانک ہو جاتے ہیں۔ جرمنی میں ایک ایسا ہی واقعہ ہوا تھا کہ ماں باپ نے بیٹی کی مرضی کے مطابق شادی نہیں کی یا اس کے اصرار پر۔ بیٹی کو ہی قتل کردیا اور اب جیل میں پڑے ہوئے ہیں۔ پس اگر احمدی لڑکا اور لڑکی شادی کرنا چاہتے ہیں تو ان کے ماں باپ کو بھی ضد نہیں کرنی چاہئے۔ ذاتوں اور اَناؤں کے چکر میں نہیں آنا چاہئے''۔

(روزنامہ الفضل 17 مئی 2016ء

مرسلہ: نظارت رشتہ ناطہ پاکستان)

## خداتعالیٰ کی راہ میں خرچ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ''اگر میرے پاس اُحد کے برابر سونا آجائے تو مجھے خوشی اس میں ہوگی کہ اس پر تیسرا دن چڑھنے سے پیشتر اللہ تعالیٰ کی راہ میں اسے خرچ کر دوں اور ضرورت سے زائد ایک دینار بھی بچا کر نہ رکھوں اور سارا مال خدا تعالیٰ کی راہ میں دل کھول کر خرچ کردوں اور لٹادوں۔ (بخاری)

احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے عطایا جات / صدقات مد امداد نادار مریضاں / ڈویلپمنٹ (D V) صدر انجمن احمدیہ فضل عمر ہسپتال میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 6 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# حضور انور کا اختتامی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ

## مورخہ 13۔اگست 2016ء سوال وجواب کی شکل میں

س: حضور انور نے کن تین باتوں کو دنیا کے امن اور سلامتی کا ضامن بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ نے دنیا کے امن وسکون اور سلامتی کے لئے اور تباہی سے بچنے کے لئے تین بنیادی باتیں فرمائی ہیں۔ یعنی عدل، احسان اور ایتاء ذی القربیٰ۔ یہی باتیں ماضی میں بھی دنیا کے امن و سلامتی کے لئے ضامن تھیں آج بھی اور آئندہ بھی بنیں گی۔

س: دنیا میں فتنہ اور فساد کی بنیادی وجہ کیا ہے؟

ج: فرمایا! دنیا میں فتنہ وفساد دین اور مذہب میں بگاڑ پیدا کرنے اور خودساختہ قوانین بنانے والوں کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور امن وسکون بھی برباد ہوتا ہے۔

س: معاشرہ میں بنیادی حقوق قائم کرنے کیلئے کیا طریق ضروری ہے؟

ج: فرمایا! قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق معاشرہ کے حقوق صرف عدل سے ہی قائم نہیں ہوتے بلکہ خدا فرماتا ہے کہ احسان کا سلوک بھی کرو۔ انصاف سے بڑھ کر حسن سلوک کرو اور پھر حسن سلوک اور احسان کو صرف عارضی طور پر ہی قائم نہ کرو بلکہ ایتاء ذی القربیٰ کے معیار قائم کرو۔ ایتاء ذی القربیٰ یہ ہے کہ قریبی رشتہ داروں جیسا سلوک لوگوں سے رکھنا۔

س: خدا تعالیٰ کی ذات کے بعد انسان پر سب سے زیادہ حق کس بات کا ہے؟

ج: فرمایا! انسان پر خدا تعالیٰ کی ذات کے بعد سب سے زیادہ حق اس کے والدین کا ہے جو اس کی پرورش میں حصہ لیتے ہیں۔ قرآن میں عدل، احسان اور احسان سے بڑھ کر سلوک کا ایک ایسا حکم ہے جو نسلوں تک کیلئے عدل احسان اور ایتاء ذی القربیٰ کی ضمانت بنتا چلا جاتا ہے۔

س: والدین سے حسن سلوک کی بابت کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! اس بات کو ہمیشہ سامنے رکھو انسان بچہ ہوتا ہے اور کسی قسم کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس حالت میں ماں کیا کیا خدمات کرتی ہے۔ ماں جب بچے کی خدمت کر رہی ہوتی ہے تو باپ بھی ماں کی اور بچے کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔ پس والدین کے اس احسان کو یاد رکھو جو انہوں نے بچے سے فطری محبت کے تحت اس وقت کیا جب بچہ کچھ نہیں کرسکتا تھا۔

س: حضور انور نے والدین کے حقوق اور ان کے عالی مرتبہ کے متعلق کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! والدین کے حق کے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان دونوں کیلئے رحم سے عجز کا پر جھکا۔ ان کی عاجزی سے خدمت کر۔ ان کے بڑھاپے میں ان کو یہ نہ احساس ہونے دے کہ یہ ہم پر بوجھ ہیں۔ پھر والدین کیلئے نیک جذبات ہمیشہ کیلئے یاد رکھنے کیلئے یہ دعا سکھائی کہ ”ان دونوں پر رحم کر جس طرح ان دونوں نے میرے پر رحم کیا“۔ اس رحم میں والدین نے پرورش کا حق بھی ادا کیا اور تربیت کا حق بھی ادا کیا۔ آجکل کی دنیا اس حق کو بھلا بیٹھی ہے۔ ماں باپ کو بوڑھوں کے ہوسٹلوں میں داخل کروا کر سمجھتے ہیں کہ ہم نے ماں باپ کی بڑی خدمت کی ہے۔ یہ لوگ ہیں جو دین حق کی تعلیم پر اعتراض کرتے ہیں۔

س: آنحضرت ﷺ نے کس کو بڑا بدقسمت قرار دیا؟

ج: فرمایا! آنحضرت ﷺ نے ایک دفعہ صحابہ کی مجلس میں تین دفعہ یہ الفاظ دہرائے کہ مٹی میں ملے اس کی ناک یعنی رسوا اور ذلیل ہوگیا وہ، بدقسمت اور بدبخت ہے وہ شخص۔ صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ! کون ہے وہ شخص۔ آپؐ نے فرمایا بڑا بدقسمت ہے وہ شخص جس نے بوڑھے ماں باپ کو پایا اور پھر ان کی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہوسکا۔ پھر ایک موقع پر آنحضرتؐ نے باپ کا حق بیٹے پر یوں فرمایا روایت میں آتا ہے کہ ایک بیٹا آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرا باپ میری جائیداد کو اپنے تصرف میں لا رہا ہے۔ میرے باپ کو منع کریں آنحضرتؐ نے بیٹے کو فرمایا جا، تو بھی اور جو کچھ تیرا ہے وہ بھی تیرے باپ کا ہے۔

س: حضور انور نے والدین کی ذمہ داریوں کے متعلق کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ نے صرف اولاد کو ہی پابند نہیں کیا بلکہ ماں باپ کو بھی پابند کیا ہے کہ ان پر بھی کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن کی ادائیگی انہیں عدل وانصاف اور احسان کرنے والا بناتی ہیں۔ اس لئے اولاد کی پیدائش سے پہلے ہی اس دعا اور خواہش کی طرف توجہ دلائی۔ پھر اولاد کی نیکی اور اصلاح کی طرف توجہ کریں ورنہ وہ عدل اور احسان اور ایتاء ذی القربیٰ کا نظام مستقلاً قائم نہیں ہوسکتا۔

س: والدین کے قتل اولاد کی کیا تشریح فرمائی؟

ج: ماں باپ دولت کمانے کی دوڑ میں گھروں پر توجہ نہیں دیتے۔ عام دینی تربیت سے بھی بچے بے بہرہ ہیں۔ یہ سب قتل اولاد کے زمرے میں آتا ہے۔ پھر اگر باپ کماتا نہیں تو وہ بھی بچے کا حق ادا نہیں کررہا ہوتا اور بچے کی تربیت کی ذمہ داری بھی ادا نہیں کرتا۔ یہ باپ کی طرف سے بچے کے قتل کے مترادف ہے۔ پس بچوں کی تربیت کی طرف توجہ نہ دینا ان کے قتل کے برابر ہے۔

س: ورثہ کی تقسیم کے متعلق دینی تعلیم کیا ہے؟

ج: فرمایا! ایک دفعہ ایک باپ نے اپنے ایک بیٹے کو اپنی ایک جائیداد ھبہ کرنی چاہی اور آنحضرت ﷺ کے سامنے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا گویا تم مجھے اس پر گواہ بنانا چاہتے ہو۔ میں ہرگز تمہارے اس ظلم کی حمایت کر کے گواہ نہیں بن سکتا۔ پس جب کوئی اپنی اولاد میں سے دوسری اولاد کی نسبت برابری کا سلوک نہیں کرتا اور ایک کو محروم کرنا چاہتا ہے تو دین حق کہتا ہے کہ یہ احسان نہیں کیونکہ احسان تو عدل کے بعد آتا ہے۔ اس نے عدل قائم نہیں کیا اور دوسری اولاد کو محروم رکھا۔

س: حضور انور نے نبی کریم ﷺ کے کس ارشاد کو عورتوں اور بیویوں کے وقار قائم کرنے کا ذریعہ قرار دیا؟

ج: فرمایا! ایک موقع پر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مومنوں میں سے ایمان کے لحاظ سے کامل ترین مومن وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہیں اور تم میں سے خلق کے لحاظ سے بہترین وہ ہے جو اپنی عورتوں سے بہترین اور مثالی سلوک کرتا ہے۔ آپ کے اس ارشاد نے جہاں عورتوں اور بیویوں کا وقار قائم کیا ہے وہاں گھروں میں عدل وانصاف سے بڑھ کر حسن سلوک کی بنیاد ڈالی ہے۔

س: یتیموں کے حقوق کے بارہ میں حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: یہ نہیں فرمایا کہ ان پر رحم کرتے ہوئے انہیں دو ان کا خیال رکھو بلکہ یہ فرمایا کہ ان کے حق قائم کرنے کیلئے انصاف کے ساتھ مضبوطی سے قائم ہو جاؤ۔ پس انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ ان کو معاشرے میں ایسا مقام ملے جو ان کے یتیمی کے غم کو دور کردے اور یہ من حیث المجموع معاشرے کی ذمہ داری ہے۔ انفرادی طور پر بھی اگر تم ان کو اپنا حصہ دار بنا لو تو یہ ان لوگوں کے ساتھ قریبیوں کی طرح سلوک کے برابر ہو جائے گا اور اس طرح تم اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنے والے ہوگے۔ یتیم کے ساتھ حسن واحسان کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا شخص اس طرح ہوں گے جس طرح دو انگلیاں ہیں آپ نے شہادت کی انگلی کو اور درمیانی انگلی کو جوڑ کر دکھایا۔

س: بین الاقوامی امن اور عدل اور انصاف کے قیام کے لئے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! بین الاقوامی امن قائم کرنے اور عدل و انصاف کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ”اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔“ پس یہ تعلیم واضح کرتی ہے کہ اگر حقیقی عدل دنیا میں قائم کرنا ہے تو نسل پرستی کی ہر صورت کو ختم کرنا ہوگا۔ بیشک قومیں اور قبائل تو پہچان کیلئے ہیں اور رہیں گی لیکن اس بنیاد پر کسی کو کسی پر برتری حاصل نہیں ہوسکتی۔ اگر کوئی برتری ہوسکتی ہے تو نسل اور رنگ پر نہیں بلکہ تقویٰ پر۔ یہ آیت آپس کی محبت وپیار کے تعلقات اور برابری پیدا کرنے کیلئے ایک عظیم اعلان اور عدل وانصاف قائم کرنے کیلئے بنیاد ہے۔

س: نسلی اور قومی امتیاز کے خاتمہ کے لئے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ”تم عورت اور مرد کے ملاپ سے پیدا کئے گئے ہو اور اس لحاظ تم خدا تعالیٰ کی نظر میں برابر ہو“ چاہے وہ کسی یورپین مرد اور عورت کے ملاپ سے پیدا ہوا ہے یا افریقن مرد اور عورت کے ملاپ سے پیدا ہوا ہے یا ایشین اور جزائر کے رہنے والے سے پیدا ہوا ہے انسان کا مقام اس کے جلد کے رنگ سے نہیں ہے یا دولت کی فراوانی سے نہیں ہے یا معاشرے میں اس کے بلند مقام سے نہیں ہے...... بلکہ اس کے اخلاقی معیاروں کی برتری سے ہے اور یہ وہ حقیقی معیار ہے جو دنیا میں محبت بھائی چارہ اور عدل اور انصاف قائم کرسکتا ہے اس کی نصیحت آنحضرت ﷺ نے بھی حجۃ الوداع کے موقع پر اپنے خطبہ میں فرمائی تھی۔

س: آزادئ رائے کی حضور انور نے کیا حقیقت بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! آزادئ رائے اور اظہار کو انسانوں نے غلط معنی پہنا کر دنیا کا امن برباد کردیا ہوا ہے۔ جب کہو کہ کسی کا تمسخر یا کسی کے بزرگ کا تمسخر اڑا کر تم دنیا میں فساد پیدا کرتے ہو تو کہہ دیتے ہیں کہ برداشت ہونی چاہئے حالانکہ ان کے اپنے بعض ایسے قوانین ہیں جو یہ روکتے ہیں کہ فلاں کام نہیں کرنا۔ اس وقت ان کی برداشت کہاں جاتی ہے اور کہہ دیتے ہیں تم برداشت کرو ہم تو اس طرح ہی کرتے رہیں گے۔ پس ماحول کو ٹھیک کرنے کیلئے دونوں فریقوں کو کوشش کرنی ہوگی۔

س: حضور انور نے حکومتوں کے جھگڑے اور اختلافات ختم کرنے کے متعلق کیا فرمایا؟

ج: فرمایا! قرآن کریم دنیا کی حکومتوں اور قوموں کے جھگڑوں کو ختم کرنے کے لئے کیسی عادلانہ اور منصفانہ تعلیم دیتا ہے۔ کہ ”اور اگر مومنوں میں سے دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرواؤ۔ پس اگر ان میں سے ایک دوسری کے خلاف سرکشی کرے تو جو زیادتی کررہی ہے اس سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے فیصلہ کی طرف لوٹ آئے۔ پس اگر وہ لوٹ آئے تو ان دونوں کے درمیان عدل سے صلح کرواؤ اور انصاف کرو“۔ یہاں بیشک مؤمنوں کو مخاطب کر کے بات کی گئی ہے لیکن جو باتیں ہیں وہ یقیناً انصاف پر قائم رہتے ہوئے امن کی ضمانت بن جاتی ہیں۔ اگر کوئی ملک لڑے اور اصلاح کے باوجود اثر نہ ہو تو پھر صرف دکھاوے کیلئے ریزولیوشنز اور نصیحتیں کام نہیں آتیں بلکہ فرمایا کہ سب مل کر جو قوم زیادتی کررہی ہے اس کے خلاف لڑو اور جب امن قائم ہو جائے صلح ہو جائے پھر بہانے تلاش کرتے ہوئے پابندیاں نہ لگاؤ۔ بعض حقوق سے دوسروں کو محروم نہ کرو بلکہ قائم کرو۔

س: دنیا میں قیام امن کا حقیقی ذریعہ کیا ہے؟

ج: جب بھی دنیا میں امن قائم ہوگا اس تعلیم پر عمل کرنے والوں کے ذریعہ سے ہی ہوگا۔ دنیاداروں کی کوئی کوشش اور کوئی نظام دائمی اور انصاف کے معیاروں کو چھونے والا عدل قائم نہیں کرسکتا۔ ہم نے دنیا کو بتانا ہے کہ کس طرح دین حق کی صحیح تعلیم سے تم بھی فائدہ اٹھا سکتے ہو۔

☆☆☆☆☆

نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# نتیجہ پرچہ کتب حضرت مسیح موعود نصف اول جلد16 (صفحہ 1 تا207)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے پرچہ کتب حضرت مسیح موعود نصف اول جلد 16 کے کل **45591** حل شدہ پرچہ جات مؤرخہ **22** ستمبر **2016**ء تک نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔ جن میں سے **45283** درست پرچوں کا رزلٹ پیش خدمت ہے۔

## سب سے پہلے موصول ہونے والے پرچہ جات

| تنظیم | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | نمبر |
|---|---|---|---|---|
| انصاراللہ | مرزا شبیر احمد | مرزا بشیر احمد | دارالعلوم وسطی۔ ربوہ | 92 |
| خدام الاحمدیہ | نصیر احمد | نذیر احمد | شہر۔ وہاڑی | 93 |
| اطفال الاحمدیہ | شعیب اختر | محمد اسلم بلوچ | شہر۔ بھکر | 91 |
| لجنہ اماءاللہ | نصرئی طاہر | طاہر احمد جمالی | بھڈال۔ سیالکوٹ | 92 |
| ناصرات الاحمدیہ | عارفہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی۔ ربوہ | 97 |
| پہلا پرچہ بذریعہ فیکس | محمد عامر ملک | محمد ممتاز ملک | شہر۔ بھکر | 95 |
| پہلا پرچہ بذریعہ ای میل | مرزا فرحان احمد بیگ | مرزا محمد اکبر بیگ | دارالصدر جنوبی۔ ربوہ | 97 |

## تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

| تنظیم | تعداد پرچہ جات | پوزیشن | حاصل کردہ فیصد نمبر |
|---|---|---|---|
| خدام الاحمدیہ | 16228 | اوّل | 75.83 |
| انصاراللہ | 14116 | دوم | 81.42 |
| لجنہ اماءاللہ | 13362 | سوم | 83.85 |
| اطفال الاحمدیہ | 1084 | | 78.04 |
| ناصرات الاحمدیہ | 493 | | 82.54 |
| میزان | 45283 | | |

## تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

| نمبر شمار | ضلع | انصار | خدام | اطفال | لجنہ | ناصرات | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ربوہ (اول) | 3417 | 4963 | 68 | 3047 | 35 | **11530** |
| 2 | سیالکوٹ (دوم) | 776 | 1647 | 292 | 1497 | 9 | **4221** |
| 3 | کراچی (سوم) | 1213 | 1375 | 42 | 1263 | 83 | **3976** |
| 4 | لاہور | 1782 | 1618 | 27 | 482 | | 3909 |
| 5 | فیصل آباد | 696 | 788 | 74 | 985 | 10 | 2553 |
| 6 | راولپنڈی | 435 | 337 | 22 | 718 | 18 | 1530 |
| 7 | اسلام آباد | 379 | 465 | 38 | 485 | 3 | 1370 |
| 8 | گوجرانوالہ | 480 | 439 | 1 | 444 | 4 | 1368 |
| 9 | عمرکوٹ | 380 | 363 | 24 | 540 | 35 | 1342 |
| 10 | حیدرآباد | 215 | 289 | 50 | 432 | 48 | 1034 |
| 11 | شیخوپورہ | 302 | 318 | 25 | 191 | 2 | 838 |
| 12 | سرگودھا | 322 | 123 | 2 | 332 | | 779 |
| 13 | میرپورخاص | 220 | 320 | 39 | 132 | 12 | 723 |
| 14 | گجرات | 202 | 377 | 20 | 94 | 1 | 694 |
| 15 | اوکاڑہ | 141 | 129 | 30 | 241 | 35 | 576 |
| 16 | ڈیرہ غازی خان | 134 | 222 | 37 | 171 | 6 | 570 |
| 17 | منڈی بہاؤالدین | 102 | 102 | 20 | 237 | 18 | 479 |
| 18 | میرپور آزاد کشمیر | 98 | 128 | 7 | 225 | 5 | 463 |
| 19 | ساہیوال | 167 | 110 | 15 | 158 | 1 | 451 |
| 20 | بہاولپور | 112 | 97 | 29 | 152 | 14 | 404 |
| 21 | قصور | 132 | 192 | 14 | 56 | 6 | 400 |
| 22 | خانیوال | 88 | 117 | 24 | 143 | 15 | 387 |
| 23 | حافظ آباد | 198 | 143 | | 26 | 3 | 370 |
| 24 | رحیم یار خان | 57 | 132 | 19 | 143 | 17 | 368 |
| 25 | چکوال | 92 | 83 | 11 | 171 | 7 | 364 |
| 26 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 187 | 128 | | | | 315 |
| 27 | ننکانہ صاحب | 230 | 25 | | 49 | 3 | 307 |
| 28 | نواب شاہ | 80 | 60 | 15 | 113 | 11 | 279 |
| 29 | لودھراں | 78 | 72 | 15 | 80 | 12 | 257 |
| 30 | نارووال | 216 | 35 | | | | 251 |
| 31 | بدین | 67 | 74 | 16 | 69 | 15 | 241 |
| 32 | وہاڑی | 76 | 61 | 21 | 63 | 9 | 230 |
| 33 | ملتان | 125 | 98 | 5 | | | 228 |
| 34 | سانگھڑ | 51 | 60 | 5 | 90 | 10 | 216 |
| 35 | بہاولنگر | 113 | 86 | 8 | | | 207 |
| 36 | لاڑکانہ | 55 | 95 | 13 | 33 | 7 | 203 |
| 37 | لیہ | 63 | 52 | 3 | 59 | 1 | 179 |
| 38 | جہلم | 17 | 111 | | 44 | 2 | 174 |
| 39 | راجن پور | 41 | 73 | 18 | 38 | 3 | 173 |
| 40 | پشاور | 90 | 38 | | 26 | | 154 |
| 41 | خیر پور | 32 | 36 | 1 | 61 | 2 | 132 |
| 42 | کوٹلی آزاد کشمیر | 124 | 7 | | 1 | | 132 |
| 43 | ہزارہ ڈویژن | 25 | 26 | 1 | 46 | 1 | 99 |
| 44 | نوشہرو فیروز | 34 | 28 | 2 | 29 | 4 | 97 |
| 45 | خوشاب | 18 | 19 | 2 | 56 | | 95 |
| 46 | اٹک | 27 | 15 | 9 | 29 | 9 | 89 |
| 47 | کوئٹہ | 16 | 70 | | 1 | | 87 |
| 48 | جھنگ | 63 | 5 | | | | 68 |
| 49 | مظفرآباد آزاد کشمیر | 17 | 17 | 7 | 27 | | 68 |
| 50 | بھکر | 17 | 11 | 7 | 25 | 6 | 66 |
| 51 | میانوالی | 17 | 11 | 6 | 18 | 4 | 56 |
| 52 | ٹھٹھہ | 6 | 22 | | 15 | 7 | 50 |
| 53 | مردان | 18 | 9 | | 19 | | 46 |
| 54 | مظفر گڑھ | 40 | 2 | | 1 | | 43 |
| 55 | چنیوٹ | 19 | 4 | | | | 23 |
| 56 | سکھر | 12 | 1 | | 5 | | 18 |
| 57 | گلگت | 1 | | | | | 1 |
| | **میزان** | **14116** | **16228** | **1084** | **13362** | **493** | **45283** |

## 98 نمبر حاصل کرنے والے (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے)

| نمبر شمار | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | ضلع | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | صاحبزادی امۃ القدوس | صاحبزادہ مرزا غلام احمد | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ |
| 2 | امۃ البصیر شہلا | شبیر احمد | ایف 11 | اسلام آباد | لجنہ |
| 3 | ڈاکٹر سید تاثیر مجتبیٰ | ڈاکٹر سید غلام مجتبیٰ | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | انصار |
| 4 | نسیم کرامت | کرامت اللہ | شہر | سانگھڑ | لجنہ |
| 5 | عبدالباسط بھٹی | عبدالحلیم | ایف 7 | اسلام آباد | انصار |
| 6 | عبدالمنان | محمد عثمان | دارالفتوح غربی | ربوہ | انصار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 | شریف احمد اشرف | حافظ احمد علی | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصار |
| 8 | محمد سرور ظفر | میاں رحمت علی | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 9 | سید منیر احمد | سید نذیر احمد | ماڈل کالونی | کراچی | انصار |
| 10 | پیر شبیر احمد | ضیاء الدین پیر | ایف 11 | اسلام آباد | انصار |
| 11 | ریحانہ صدیقہ بھٹی | محمد انور ورک | آئی 9 | اسلام آباد | لجنہ |
| 12 | صفیہ اشرف | محمد اشرف | شہر | سرگودھا | لجنہ |
| 13 | سعدیہ عثمان | عثمان احمد جاوید | جی 8 | اسلام آباد | لجنہ |
| 14 | ڈاکٹر راجہ بصیر احمد ابصار | راجہ منیر احمد | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | انصار |
| 15 | محمد نعیم | فضل کریم | کھیوڑہ | جہلم | انصار |
| 16 | مبارک احمد بھٹی | محمد صدیق بھٹی | ایف 6 | اسلام آباد | انصار |
| 17 | صادق مجید اللہ | غلام محمد عبد | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 18 | صفیہ خالد گورایہ | محمد خالد گورایہ | فیکٹری ایریا احمد | ربوہ | لجنہ |
| 19 | امۃ الولی شاہدہ | طارق جاوید | کلیار ٹاؤن | سرگودھا | لجنہ |
| 20 | نعیمہ حمید | حمید اللہ خان | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 21 | سلمیٰ شاہد | شاہد خلیل | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |
| 22 | فریحہ خالد | خالد احسن | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ |
| 23 | راشدہ مصطفیٰ | محمد مصطفیٰ خالد | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ |
| 24 | چوہدری نسیم احمد | چوہدری فضل الٰہی | کھاریاں | گجرات | انصار |
| 25 | امۃ الرشید عابدہ | محمد اعظم اکسیر | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ |
| 26 | منور احمد تنویر | چوہدری بشیر احمد | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصار |
| 27 | ڈاکٹر مرزا رفیق احمد عابد | مرزا محمود احمد | دارالنصر غربی منعم | ربوہ | انصار |
| 28 | عبدالرحمٰن عاجز | اللہ رکھا | دارالرحمت وسطی | ربوہ | انصار |
| 29 | محمد اشرف کلو | محمد حسین | لیاقت کالونی کینٹ | سرگودھا | انصار |
| 30 | محمد افتخار احمد چودھری | چودھری فرزند علی | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | انصار |
| 31 | عتیقہ نصرت | منیر الدین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ |
| 32 | امۃ القدیر | منیر الدین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ |
| 33 | سلمیٰ نزہت | حمید احمد | دارالنصر غربی حبیب | ربوہ | لجنہ |
| 34 | مجید احمد بشیر | نذیر احمد سیالکوٹی | ڈیفنس | لاہور | انصار |
| 35 | امۃ الحفیظ عابدہ | حافظ مظفر احمد | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ |
| 36 | نصیر احمد بدر | چوہدری فضل کریم | دارالعلوم شرقی نور | ربوہ | انصار |
| 37 | آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی | محمد شفیع ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | انصار |
| 38 | عالیہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 39 | شمائلہ احسن | محمد احسن | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 40 | فہمیدہ عتیق | مرزا محمد عتیق | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 41 | چوہدری غفور احمد | چوہدری عنایت اللہ | دارالنور | فیصل آباد | انصار |
| 42 | ملک طاہر احمد | ملک حبیب الرحمٰن | ڈیفنس | لاہور | انصار |
| 43 | نور الٰہی بشیر | فضل الٰہی بشیر | گلشن پارک | لاہور | انصار |
| 44 | محمد افضل قمر | غلام نبی قمر | گلشن پارک | لاہور | انصار |
| 45 | مرزا محمد عتیق | مرزا محمد رفیع | عزیز آباد | کراچی | انصار |
| 46 | صاحبہ شکور | عبدالشکور | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 47 | ڈاکٹر فریحہ عروج | طاہر مسعود | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 48 | منیر الدین سیال | شمس الدین سیال | وحدت کالونی | لاہور | انصار |
| 49 | مرزا ناصر محمود | محمد اکبر اقبال | ایف 7 | اسلام آباد | انصار |
| 50 | رحمت علی ظہور | جہان صاحب | شالامار ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 51 | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | محمد اسلم طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 52 | مرزا رفیق احمد | مرزا قدرت اللہ | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 53 | مبشر احمد ملک | ملک بشیر احمد | ماڈل کالونی | کراچی | انصار |
| 54 | محمد حنیف شمس | حاجی محمد شریف | گلزار ہجری | کراچی | انصار |
| 55 | مجیب احمد خان | مقصود احمد خان | ماڈل کالونی | کراچی | انصار |
| 56 | سردار علی | خوشی محمد | باغبانپورہ | لاہور | انصار |
| 57 | فیضان احمد ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | خدام |
| 58 | انس احمد | شیر احمد اختر | ٹیپو روڈ | راولپنڈی | انصار |
| 59 | سید مبارک احمد | سید مسعود احمد | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 60 | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | گلشن اقبال غربی | کراچی | خدام |
| 61 | نزہت احمد | محمد احمد خان | چک لالہ ایئرپورٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 62 | انیسہ قدیر | طارق قدیر | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ |
| 63 | آصف احمد ظفر بلوچ | ناصر احمد ظفر بلوچ | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصار |
| 64 | انیس احمد بھٹی | محمد بوٹا | منظور کالونی | کراچی | خدام |
| 65 | عدنان قیوم | | نشاط کالونی | لاہور | خدام |
| 66 | حسبانہ رفیق عنبر | ڈاکٹر مرزا رفیق احمد عابد | دارالنصر غربی منعم | ربوہ | لجنہ |
| 67 | خالد محمود گورایا | چوہدری عنایت اللہ گورایا | گلشن جامی | کراچی | انصار |
| 68 | منیر الدین بھٹی | احمد دین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | انصار |
| 69 | فرح دیبا | انوار احمد ملک | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ |
| 70 | امۃ النصیر حبیب | حبیب اللہ باجوہ | دارالنصر غربی حبیب | ربوہ | لجنہ |
| 71 | امۃ القیوم | ڈاکٹر محمود احمد خواجہ | جی 10 | اسلام آباد | لجنہ |
| 72 | چوہدری شریف احمد ورک | ایم عبداللطیف | کلیار ٹاؤن | سرگودھا | انصار |
| 73 | انتصار احمد ازکی | چوہدری سلطان احمد | جی 11 | اسلام آباد | انصار |
| 74 | ڈاکٹر منور احمد جاوید | محمد یامین | گلستان جوہر شمالی | کراچی | انصار |
| 75 | فہیم احمد | عبدالرحمٰن شاکر | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 76 | سعید احمد | محمد رفیق ناطق | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 77 | وسیم احمد محمود بٹ | شفیق احمد بٹ | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 78 | سیدہ نفیسہ منور | سید منور احمد شاہ | بیت التوحید | لاہور | لجنہ |
| 79 | عثمان احمد خان | محمد احمد خان | چکلالہ | راولپنڈی | خدام |
| 80 | امۃ الحنیف جاوید | عبدالکریم جاوید | جی 8 | اسلام آباد | لجنہ |
| 81 | ڈاکٹر سلیمہ ارشاد | ارشاد احمد | حلقہ شمالی | پشاور | لجنہ |
| 82 | خالد سیف اللہ | عباد اللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | انصار |
| 83 | مبشر احمد اعجاز | اعجاز احمد | دستگیر سوسائٹی | کراچی | انصار |
| 84 | مہوش گل | اکرام الحق عباسی | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 85 | حافظ محمد انیق احمد | ڈاکٹر محمد توفیق | مغل پورہ | لاہور | خدام |
| 86 | منصور احمد مبشر | مبشر احمد | آفیسرز کالونی واہ کینٹ | راولپنڈی | انصار |
| 87 | سطوت قیوم | عبدالقیوم | لالہ رخ واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ |
| 88 | ملک محمود احمد اعوان | ملک کرم الٰہی اعوان | ڈیرہ اسماعیل خان | بھکر | انصار |

## 97 نمبر حاصل کرنے والے

| نمبر شمار | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | ضلع | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عارفہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی | ربوہ | ناصرات |
| 2 | طاہرہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی | ربوہ | لجنہ |
| 3 | یوسف سلیم شاہد | صوفی محمد شریف | ہری پور | ہزارہ ڈویژن | انصار |
| 4 | مرزا فرحان احمد بیگ | مرزا محمد اکبر بیگ | دارالصدر جنوبی | ربوہ | خدام |
| 5 | ڈاکٹر احسان اللہ خاں | عنایت اللہ بھٹی | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصار |
| 6 | محمد نسیم تبسم | محمد سعید | صدر | کراچی | انصار |
| 7 | مباہل احمد شاہد | مسعود احمد طاہر | دارالرحمت شرقی بشیر | ربوہ | خدام |
| 8 | کرامت اللہ | عنایت اللہ | شہر | سانگھڑ | انصار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9 | عتیق احمد | عبدالرحمٰن | مغل پورہ | لاہور | انصار |
| 10 | رشید احمد طاہر | چوہدری عبدالحمید | سروبہ گارڈن | لاہور | انصار |
| 11 | راضیہ احمد | نصیر احمد | دارالنصر شرقی نور | ربوہ | لجنہ |
| 12 | رشید خالد | سردار احمد | ڈیفنس | لاہور | انصار |
| 13 | آمنہ ضاحکہ | عمر وقاص | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ |
| 14 | ظفر اللہ خان مبشر | سعد اللہ خان | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | انصار |
| 15 | عافیہ مہ رخ | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ |
| 16 | محمد صفدر | چوہدری محمد حسین | دارالیمن وسطی سلام | ربوہ | انصار |
| 17 | مریم ثمر | ثمر احمد علی | گلشن عمیر | کراچی | لجنہ |
| 18 | عطیۃ الحئی | رحیم اللہ | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | لجنہ |
| 19 | امۃ الحئی ریحانہ | مزمل بشیر شاہد | ڈرگ کالونی | کراچی | لجنہ |
| 20 | نسیم رفیق | رانا رفیق احمد | ای 11 | اسلام آباد | لجنہ |
| 21 | عتیقہ رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ |
| 22 | ندا رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ |
| 23 | قدسیہ عظیم | محمد شفیق | ڈیفنس | لاہور | لجنہ |
| 24 | عائشہ بشارت | مرزا بشارت احمد ناصر | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ |
| 25 | شائستہ شاہد | شاہد حسین | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ |
| 26 | عائشہ ناصر | ناصر احمد | مارٹن روڈ | کراچی | لجنہ |
| 27 | نغمہ وسیم احمد | شیخ وسیم احمد | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 28 | سعید احمد قریشی | محمد دین قریشی | طاہر آباد جنوبی | ربوہ | انصار |
| 29 | آمنہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ |
| 30 | نوشین سہیل | سہیل مسعود احمد | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 31 | منیبہ مبشر | محمود احمد مبشر | عزیز آباد | کراچی | لجنہ |
| 32 | بشیر احمد | چوہدری علم دین | مغل پورہ | لاہور | انصار |
| 33 | ڈاکٹر اظہر اقبال | چوہدری عبدالغنی | چک 24 نبی پور | سانگھڑ | انصار |
| 34 | طارق محمود کھوکھر | چوہدری دین محمد | محمود ہال | نواب شاہ | انصار |
| 35 | عبدالرشید منگلا | رائے اللہ بخش منگلا | دارالرحمت شرقی بشیر | ربوہ | انصار |
| 36 | سید جماعت علی شاہ | سید محمد حسین شاہ | دارالعلوم غربی خلیل | ربوہ | انصار |
| 37 | رانا عبدالغفور | فضل دین | دارالعلوم شرقی ہادی | ربوہ | انصار |
| 38 | حامد علی خان | محمد علی خان | مغل پورہ | لاہور | انصار |
| 39 | فواد ظہور احمد | منظور احمد ناصر | دارالنصر غربی منعم | ربوہ | خدام |
